آڈٹ بیورو آف سرکولیشن (ABC) وزارت اطلاعات ونشریات سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

DAILY NAWA-E-AHMEDPUR SHARQIA

روزنامہ

نوائے احمدپور شرقیہ

بہاولپور

چیف ایڈیٹر: احسان احمد سحر

ایڈیٹر: اعجاز احمد خان

منیجنگ ایڈیٹر: محمد سلیمان فاروقی

ٹیلیفون نمبر: 062-2508053

موبائل: 0301-7740405

E-mail: nawaiahmedpur@gmail.com, daily.nawaiahmedpur@gmail.com

جلد نمبر 19 | بروز ہفتہ 31 جنوری 2026ء قیمت فی شمارہ 10 روپے زر سالانہ 3 ہزار روپے | شمارہ نمبر 291

فیلڈ مارشل عاصم منیر سے ترک چیف آف جنرل سٹاف کی ملاقات

علاقائی سکیورٹی صورتحال پر تبادلہ خیال

میرا بس چلے تو ٹیرف مزید 10 روپے کم کردوں، لیکن میرے ہاتھ بندھے ہیں، انہوں نے ایکسپورٹرز کیلئے ٹیکس ساڑھے 7 سے کم کرکے ساڑھے 4 فیصد کرنے کا بھی اعلان کیا' ناموراایکسپورٹرزاورکاروباری شخصیات کے اعزاز میں تقریب سے خطاب

میرا بس چلے تو ٹیرف مزید 10 روپے کم کردوں، لیکن میرے ہاتھ بندھے ہیں، انہوں نے ایکسپورٹرز کیلئے ٹیکس ساڑھے 7 سے کم کرکے ساڑھے 4 فیصد کرنے کا بھی اعلان کیا' ملک کے ناموراایکسپورٹرزاورکاروباری شخصیات کے اعزاز میں تقریب سے خطاب

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف نے صنعتوں کیلئے بجلی کے ٹیرف میں بقیہ نمبر 1 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

بڑا اعلان؛ اسرائیل نے گھٹنے ٹیک دیئے، فلسطینیوں میں خوشی کی لہر دوڑ گئی

اسرائیل نے غزہ اور مصر کے درمیان واحد زمینی راستہ رفح گزرگاہ کو یکم فروری سے دوبارہ کھولنے کا اعلان کردیا جو 2 برس سے بند تھی

یہ اقدام امریکی ثالثی میں طے پائی گئی غزہ جنگ بندی معاہدے کے تحت کیا گیا ہے اور جس کیلئے اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو حیل وحجت سے کام لے رہے تھے

اسرائیل نے تقریباً سوا دو سال سے غزہ پر مسلسل بمباری کے بعد بالآخر فلسطینیوں کا ایک بقیہ نمبر 6 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

وزیراعظم کا صنعتوں کیلئے بجلی کے ٹیرف میں 4 روپے 4 پیسے کی کاٹ کا اعلان

ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور، خطے اور عالمی صورتحال پر تبادلہ خیال، سکیورٹی اور دوطرفہ دفاعی وعسکری تعاون کو بنانے کے امکانات پر بھی بات چیت گئی

راولپنڈی (مانیٹرنگ ڈیسک) پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے ترکیہ کے چیف آف جنرل سٹاف کی ملاقات ہوئی۔ آئی ایس پی آر کے مطابق ترک جنرل سٹاف کے سربراہ کا جی ایچ کیو کا دورہ کیا، جی بقیہ نمبر 4 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

سلمان اکرم راجہ کی چیف جسٹس سے ملاقات، پی ٹی آئی کے تحفظات کے بارے میں آگاہ کیا

بانی پی ٹی آئی کی وکلا، خاندان اور رفقا کیساتھ ملاقات کے لیے جدوجہد جاری رہے گی رہنما پی ٹی آئی کی گفتگو

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے رہنما سلمان اکرم راجہ کی چیف جسٹس پاکستان یحییٰ آفریدی سے ملاقات ہوئی ہے۔ ذرائع کے مطابق رہنما پی ٹی آئی سلمان اکرم راجہ کی چیف جسٹس پاکستان یحییٰ آفریدی سے ملاقات 30 منٹ سے زائد جاری رہی۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ ملاقات میں سلمان اکرم راجہ نے چیف جسٹس کو پی ٹی آئی کے بقیہ نمبر 3 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

کچے کے ڈاکوؤں کیخلاف موثر اقدامات اور امن وامان کی صورتحال

پولیس کی کارروائیوں اور مستقبل کی حکمت عملی کا جائزہ

کمشنر بہاولپور مسرت جبیں اور ریجنل پولیس آفیسر غازی صلاح الدین نے ڈپٹی کمشنر رحیم یار خاں ظہیر انور چہ سے کمشنر آفس بہاولپور سے ویڈیو لنک پر میٹنگ کی

بہاولپور: کمشنر مسرت جبیں اور ریجنل پولیس آفیسر غازی صلاح الدین، ڈپٹی کمشنر رحیم یار خاں ظہیر انور چہ سے ویڈیو لنک پر کچے کے ڈاکوؤں کے خلاف مؤثر اقدامات اور مستقبل کی حکمت عملی بارے میٹنگ کر رہے ہیں

بہاولپور (پ ر) کمشنر بہاولپور ڈویژن بقیہ نمبر 5 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

شہریوں کی قیمتی جانوں کا تحفظ حکومت کی اولین ذمہ داری ہے، ڈپٹی کمشنر بہاولپور

تمام مین ہول کورز کو طے شدہ ایس او پیز کے مطابق فوری طور پر نصب کیا جائے

بہاولپور (پ ر) ڈپٹی کمشنر بہاولپور سید حسن رضا کی زیر صدارت مین ہول کورز کی تنصیب اور شہریوں کی قیمتی جانوں کے تحفظ کو یقینی بنانے کے حوالے سے ہنگامی اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں میونسپل کارپوریشن، ضلع کونسل، سوئی سدرن گیس کمپنی، پی ٹی سی ایل اور واسا کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی بقیہ نمبر 2 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

بلوچستان میں سکیورٹی فورسز کی کارروائیاں 41 دہشتگرد ہلاک

پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق 29 جنوری 2026 کو سکیورٹی فورسز نے بلوچستان کے علاقے ہرنائی میں کارروائی کے دوران 30 دہشت گردوں کو ہلاک کیا، جبکہ پنجگور میں بھی سکیورٹی فورسز نے 11 دہشت گردوں کو ہلاک کیا

آئی ایس پی آر کے مطابق کارروائیاں فتنہ الہندوستان کے خلاف کی گئیں، پنجگور میں دہشت گردوں کے ٹھکانے تباہ کردیئے گئے، ہلاک دہشت گردوں سے بڑی تعداد میں اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا ہے

راولپنڈی (مانیٹرنگ ڈیسک) بلوچستان میں سکیورٹی فورسز نے 2 مختلف کارروائیوں کے دوران 41 دہشت گردوں کو جہنم واصل کر دیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر (کے مطابق 29 جنوری 2026 کو سکیورٹی فورسز نے بلوچستان کے علاقے ہرنائی میں کارروائی کے دوران 30 دہشت گردوں کو ہلاک کیا، جبکہ پنجگور میں بھی سکیورٹی فورسز نے 11 دہشت گردوں کو جہنم واصل کیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق کارروائیاں فتنہ الہندوستان کے خلاف کی گئیں، پنجگور میں دہشت گردوں کے ٹھکانے تباہ کر دیئے گئے، ہلاک دہشت گردوں سے بڑی تعداد میں اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا بقیہ نمبر 7 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ہم جنگ شروع نہیں کریں گے، : ایرانی نائب صدر

ضمانتوں کے ساتھ مذاکرات کے لیے تیار ہیں

تہران (سی ایم لنکس) ایرانی نائب صدر محمد رضا عارف نے زور دیا ہے کہ تہران جنگ شروع نہیں کرے گا اور مذاکرات میں شامل ہونے کے بقیہ نمبر 8 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

سپریم کورٹ کا بڑا فیصلہ ایس ایچ او کو بخدمت جناب لکھنا ممنوع قرار

فیصلہ کے متن میں لکھا گیا کہ ایس ایچ او عوام کا خادم ہے، عوام اس کے نوکر نہیں، اب ایس ایچ او کو صرف جناب ایس ایچ او لکھا جائے گا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) سپریم کورٹ کا بڑا فیصلہ سامنے آیا ہے جس میں ایس ایچ او کو بخدمت جناب لکھنا ممنوع قرار دے دیا گیا۔ فیصلہ جسٹس صلاح الدین پنہور نے تحریر کیا، جو ڈیشل لاکلرک محمد سبحان ملک کے نکتے پر عدالت بقیہ نمبر 9 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

خواہش ہے حماس ہتھیار ڈال دے، وہ ایسا ہی کرے گی: ٹرمپ

اس تحریک نے غزہ کی پٹی سے یرغمالیوں کی واپسی میں بڑا کردار ادا کیا ہے

ریاض (سی ایم لنکس) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے بیان دیا ہے کہ حماس اپنے ہتھیار چھوڑ بقیہ نمبر 10 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ڈاکٹر سید ندیم الحسن گیلانی کی نئی کتاب مولانا ظفر علی خان کا عہد صحافت شائع ہوگئی

ڈاکٹر سید ندیم الحسن گیلانی نے مولانا ظفر علی خان پر پی ایچ ڈی مقالہ لکھ کر 1994 میں پنجاب یونیورسٹی سے پی ایچ ڈی جرنلزم کی ڈگری حاصل کی تھی، اہل قلم سے وابستہ شخصیات کی مبارکباد



لاہور (سٹی رپورٹر) معروف کالم نگار، شاعر، صحافی، ادیب، محقق اور کئی کتابوں کے مصنف ڈاکٹر سید ندیم الحسن گیلانی کی نئی کتاب مولانا ظفر علی خان کا عہد صحافت شائع ہوگئی ہے۔ ڈاکٹر ندیم الحسن گیلانی نے مولانا ظفر علی خان پر پی ایچ ڈی کا مقالہ لکھ کر 1994 میں پنجاب

پاکستان اور سعودی عرب کا توانائی اور معدنیات میں تعاون بڑھانے پر اتفاق

اسلام آباد (سی ایم لنکس) پاکستان اور بقیہ نمبر 11 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

بہاولپور کمشنر بہاولپور ڈویژن مسرت جبیں کشمیر ڈے کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

صوبائی محتسب سندھ اور ٹرانسپیرنسی انٹرنیشنل کے اشتراک سے ایک روزہ ہائی لیول ورکشاپ

چیئر ٹرانسپیرنسی انٹرنیشنل فرینکوئس ویلیرین، متعدد سرکاری محکموں کے سربراہان ودیگر بھی شریک

کراچی (سی ایم لنکس) صوبائی محتسب سندھ اور ٹرانسپیرنسی انٹرنیشنل کے اشتراک سے کراچی کے نجی ہوٹل میں انسداد بدعنوانی، گڈ گورننس اور عوامی شکایات کے حل، طریقہ کار اور تجاویز سے متعلق ہائی لیول کنسیپٹی بلڈنگ ورکشاپ منعقد کی گئی۔ ورکشاپ میں صوبائی محتسب سندھ محمد سہیل راجپوت، چیئرمین ٹراسپیرنسی انٹرنیشنل بقیہ نمبر 12 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

سیاحت کے ذریعے 40 ارب ڈالر سالانہ تک حاصل کئے جاسکتے ہیں

وزیراعظم کے کوآرڈینیٹر برائے سیاحت سردار یاسر الیاس

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وزیراعظم کے کوآرڈینیٹر برائے سیاحت سردار یاسر الیاس نے کہا ہے کہ پاکستان ٹورازم سپورٹس اینڈ فیملی فیسٹول ملک میں سیاحت کو فروغ دینے میں اہم کردار ادا کرے گا، سیاحت کے ذریعے 40 ارب ڈالر سالانہ تک حاصل کئے جاسکتے ہیں، پاکستان ایک مہمان نواز اور پرکشش مقامات رکھنے والا بقیہ نمبر 16 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

جہیز اور حق مہر کے مقدمے میں چیف جسٹس آف پاکستان کے اہم ریمارکس

حق مہر میں جو چیزیں لکھی ہوں، شوہر ان کی ادائیگی کا پابند ہے

اسلام آباد (سی ایم لنکس) سپریم کورٹ میں جہیز اور حق مہر سے متعلق کیسز کی سماعت کے دوران چیف جسٹس پاکستان نے اہم ریمارکس دیے ہیں۔ چیف جسٹس نے قرار دیا کہ حق مہر میں جو چیزیں لکھی ہوں، شوہر ان کی ادائیگی کا پابند ہے۔ عورت کے ساتھ جب شادی کی جاتی ہے تو نکاح نامے کے تحت درج ادائیگی لازم ہوتی بقیہ نمبر 20 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

فوجی فاؤنڈیشن عارف حبیب کنسورشیم کا حصہ نہیں ہے، سیکریٹری نجکاری

قومی ایئرلائن کے 25 فیصد شیئرز حکومت کے پاس ہیں

اسلام آباد (سی ایم لنکس) سیکریٹری نجکاری کمیشن نے واضح کیا کہ فوجی فاؤنڈیشن قومی ایئرلائن خریدنے والے عارف حبیب کنسورشیم کا حصہ نہیں ہے۔ سینیٹ کی قائمہ کمیٹی نجکاری کا اجلاس سینیٹر افنان اللہ خان کی سربراہی میں ہوا، اس موقع پر سیکریٹری نجکاری نے بریفنگ دی اور بتایا کہ قومی ایئرلائن کے 25 فیصد شیئرز حکومت بقیہ نمبر 21 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

لاہور: چیئرمین پنجاب ریونیو اتھارٹی معظم اقبال سپرا، ورلڈ بینک کے وفد کو کیش لیس اکانومی بارے اقدامات کے حوالے سے آگاہ کرتے ہوئے۔

وزیر داخلہ محسن نقوی کا مری روڈ بھارہ کہو بائی پاس کے قریب نئے کنونشن سنٹر کی مجوزہ جگہ کا دورہ

وزیر داخلہ محسن نقوی نے نئے کنونشن سنٹر کی مجوزہ جگہ کا معائنہ کیا

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وزیراعظم کی ہدایت پر اسلام آباد میں بین الاقوامی معیار کا نیا کنونشن سنٹر تعمیر ہوگا۔ وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے مری روڈ بھارہ کہو بائی پاس کے قریب نئے کنونشن سنٹر کی مجوزہ جگہ کا دورہ کیا۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے نئے کنونشن سنٹر کی مجوزہ جگہ کا معائنہ کیا اور فوری احکامات کئے۔ وزیر داخلہ محسن نقوی نے بقیہ نمبر 24 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

جمعیت القریش پاکستان کے ہیڈ آفس القریش سیکرٹریٹ میں شاکر اسلم قریشی کی صدارت میں سانحہ گل پلازہ کے حوالے سے ایک اجلاس

سانحہ گل پلازہ میں خطرناک آتشزدگی میں سب کچھ تباہ ہوگیا

جمعیت القریش متاثرین کے ساتھ کھڑی ہے ہرجانہ جانوں کا بدل نہیں ہے مگر کسی حد تک مداوا ضرور ہے

احمد پور شرقیہ (نامہ نگار) جمعیت القریش پاکستان کے ہیڈ آفس القریش سیکرٹریٹ میں سانحہ گل پلازہ کے حوالے سے ایک اجلاس منعقد ہوا اجلاس کی صدارت شاکر اسلم قریشی چیئرمین و کنوینئر جمعیت القریش پاکستان نے کی اجلاس میں جمعیت القریش پاکستان نے سانحہ گل پلازہ میں خطرناک آتشزدگی جس میں سب کچھ تباہ ہوگیا بقیہ نمبر 13 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

وفاقی وزیر پٹرولیم سے سعودی سفیر نواف بن سعید احمد المالکی کی ملاقات

باہمی تعاون کے مختلف شعبوں اور دوطرفہ تعلقات کو مضبوط بنانے پر تبادلہ خیال کیا

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وفاقی وزیر پٹرولیم علی پرویز ملک سے سعودی عرب کے سفیر نواف بن سعید احمد المالکی نے ملاقات کی، جس میں باہمی تعاون کے مختلف شعبوں اور دونوں برادر ممالک کے درمیان دوطرفہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات کے دوران فریقین نے جاری تعاون کا جائزہ لیا اور بالخصوص توانائی اور معدنیات کے شعبوں میں تعاون بقیہ نمبر 15 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

اسٹاک ایکسچینج میں ملا جلا رجحان، 173 پوائنٹس کا اضافہ

کراچی (سی ایم لنکس) پاکستان اسٹاک ایکسچینج (پی ایس ایکس) میں کاروباری ہفتے کے پانچویں روز آج ملا جلا رجحان دیکھا جا رہا ہے۔ بازار حصص میں کاروبار کے دوران 100 انڈیکس 173 پوائنٹس کے اضافے کے بعد 1 لاکھ 82 ہزار 511 کی سطح پر پہنچ گیا۔ کاروبار کے دوران 100 انڈیکس 1 لاکھ 83 ہزار 975 پوائنٹس کی بلندی پر بھی پہنچا جبکہ 1 لاکھ 82 ہزار 347 کی نچلی سطح پر بھی گیا۔

2 دن بڑے اضافے کے بعد سونے کے بھاؤ میں بڑی کمی

کراچی (سی ایم لنکس) ملک بھر کی صرافہ مارکیٹوں میں گزشتہ 2 روز میں بڑے اضافے کے بعد آج بڑی کمی کردی گئی۔ آل پاکستان صرافہ جیمز اینڈ جیولرز ایسوسی ایشن کے مطابق ملک بھر میں فی بقیہ نمبر 14 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

بہاولپور: ڈپٹی کمشنر بہاولپور سید حسن رضا مین ہول کورز کی تنصیب کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

سانحہ گل پلازہ؛ جماعت اسلامی اور پی ٹی آئی نے احتجاج میں ہمارا ساتھ نہیں دیا، ایم کیو ایم رہنما

کراچی (سی ایم لنکس) سندھ اسمبلی میں ایم کیو ایم پاکستان کے اپوزیشن لیڈر علی خورشید بقیہ نمبر 17 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

سڑکیں بن رہی ہیں، کراچی کے ہر روڈ پر جدید بسیں چلیں گی، شرجیل میمن

شہر کی ہر سڑک پر جدید بس چلے گی۔

کراچی (سی ایم لنکس) سینئر صوبائی وزیر شرجیل انعام میمن نے کہا کہ کراچی میں ترقیاتی کام جاری ہیں، سڑکیں بن رہی ہیں۔ شہر کی ہر سڑک پر جدید بس چلے گی۔ سندھ اسمبلی کا اجلاس شروع ہوا تو وقفہ دعا کیا گیا، جس میں پاکستان کی بقا وسلامتی کے لیے خصوصی دعا کی گئی۔ اس موقع پر سانحہ گل پلازہ کے شہدا کے لیے دعائے مغفرت کی بقیہ نمبر 18 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

لاہور: صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کی مقامی ہوٹل میں دوروزہ سالانہ بین الاقوامی نیونیٹولوجی کانفرنس 2026ء کے مہمانوں کے ہمراہ گروپ فوٹو۔

میرے پاس الفاظ نہیں کہ بتا سکوں وزیراعلیٰ مریم نواز بھاٹی گیٹ واقعے پر کتنی غمزدہ تھیں

وزیراعلیٰ پنجاب ایک ایک لمحے کے واقعے کی رپورٹ لے رہی تھیں، انکوائری کیلئے 48 گھنٹے کی مہلت دی گئی ہے۔ صوبائی وزیر

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیر اطلاعات پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ میرے پاس الفاظ نہیں کہ بتا سکوں وزیراعلیٰ مریم نواز بھاٹی گیٹ واقعے پر کتنی غمزدہ تھیں۔ ایک بیان میں عظمیٰ بخاری نے کا کہنا تھا کہ بھاٹی گیٹ پر واقعے سے متعلق پہلی اطلاع ریسکیو 1122 نے دی، بچی کے والد کا پولیس سے رابطہ ہوا، پولیس بچی کے والد کو تھانے لے گئی، خاتون کے والد نے بتایا کہ بیٹی کا اپنے شوہر کے ساتھ جھگڑا ہوا تھا، اس لئے پولیس بچی بقیہ نمبر 19 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

پشاور ہائیکورٹ کا تیراہ متاثرین کیلئے فنڈز جاری کرنے کا حکم

پشاور (سی ایم لنکس) پشاور ہائی کورٹ نے وادی تیراہ آپریشن سے متعلق درخواست پر سماعت بقیہ نمبر 26 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر سے برطانوی رکن پارلیمنٹ عمران حسین کی ملاقات

پاک برطانیہ تعلقات سمیت مختلف امور بارے تبادلہ خیال کیا

اسلام آباد (سی ایم لنکس) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر سے وفاقی وزیر و چیئرمین پارلیمانی کمیٹی برائے کشمیر رانا محمد قاسم نون کے ہمراہ برطانوی پارلیمنٹ کے رکن عمران حسین نے 15 رکنی وفد کے ساتھ پارلیمنٹ ہاؤس میں بقیہ نمبر 25 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

بہاولپور: ڈپٹی کمشنر سید حسن رضا مقبول کالونی میں سیوریج کی صورتحال اور صفائی ستھرائی بارے ہدایات جاری کر رہے ہیں

وزیراعظم شہباز شریف کی ملکی معیشت کی بحالی کیلئے فیلڈ مارشل کی کوششوں کی تعریف

اسلام آباد (سی ایم لنکس) وزیراعظم شہباز شریف نے ملکی معیشت کی بحالی کے لیے فیلڈ مارشل کی کوششوں کی تعریف کرتے ہوئے حکومت اور فوج کی شراکت داری کو ملک کے لیے بہترین قرار دے دیا۔ اسلام آباد میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ معرکہ حق میں فتح کے بعد پاکستان کا دنیا میں منفرد مقام بن چکا ہے، دنیا آپ کی بات مان رہی ہے، سرمایہ کاری کے لیے رابطے کر رہی ہے۔ شہباز شریف کا کہنا ہے کہ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی مدد نہ ہوتی تو کئی مسائل حل نہیں ہو سکتے تھے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بقیہ نمبر 22 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

ایزی پیسہ ڈیجیٹل بینک کا نسٹ کیئر کنیکٹ 2026 میں شرکت کا اعلان

کمپنی باصلاحیت اور ابھرتے نوجوانوں سے براہ راست رابطہ قائم کرے گی، فرح شیخ

اسلام آباد (سی ایم لنکس) پاکستان کے ڈیجیٹل بینکاری اور فن ٹیک شعبے کی نمایاں کمپنی ایزی پیسہ ڈیجیٹل بینک نے نسٹ کیئر کنیکٹ بقیہ نمبر 23 صفحہ 4 پر ملاحظہ کریں

لاہور: صوبائی وزیر صنعت وتجارت چوہدری شافع حسین پنجاب سمال انڈسٹریز کارپوریشن کے بورڈ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

ایک دام

نشاط فیبرکس

پروپرائیٹر میاں خالد اینڈ سنز

آپ کا اعتماد..... ہماری پہچان

نزد رسول پلازہ ڈیرہ نواب روڈ

میاں بلال خالد 0332-6263802 – میاں عمر خالد 0331-7567242

جینٹس ورائٹی' یامین' زین جی' اپ ٹائم' رواج' کرینٹ' کراؤن 'پوری' نارکنز لیڈیز ورائٹی' بن الیاس' ایڈن روب' رنگ رسیہ 'ایمان عدیل' علیز ے' زل بری' شنائیل' میرین کلاسک' بن وحید 'بن سعید' پیری ڈوٹ' موٹفز' شادی بیاہ کی اعلیٰ ترین ورائٹی آپ کی پسند کے مطابق دستیاب ہے۔

آپ کا اعتماد.....ہمارا معیار

نشاط آؤٹ فٹ

ہمارے ہاں

بن سعید | سکس برو | کارلوکلب
مسٹر ہارون | آئی پی | ایم پی
زارا | نائیک | پولو
فورکڈز | بیس | بینگو
کڈز | بے بی بابا | کرتا شلوار

میاں حمزہ خالد

0300-4655291

فراک کی اعلیٰ ترین ورائٹی دستیاب ہے
پینٹ شرٹ ہر سائز میں خرید فرمائیں۔

شاپ نمبر 1 جنگو پلازہ ڈیرہ نواب روڈ

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن و بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

Muslim Public High School

مسلم پبلک ہائی سکول

(بوائز اینڈ گرلز)

پرنسپل: محمد اسماعیل فاروقی
ایم اے ایل ایل بی

0300-8884846

کچہری روڈ احمد پور شرقیہ

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن و بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

Ahmedpur Public High School

احمد پور پبلک ہائی سکول

(بوائز اینڈ گرلز)

کنگن روڈ احمد پور شرقیہ

پرنسپل محمد یوسف فاروقی
بی اے ایل ایل بی

0301-8688787

EFA School System

ایفا سکول سسٹم

نرسری تا نہم

پنجاب گروپ آف کالجز کا تعلیمی منصوبہ

پرنسپل: محمد سلیمان فاروقی

نزد پنجاب کالج فنچی موڑ احمد پور شرقیہ

اب نئی انتظامیہ کے ساتھ

The Educators

دی ایجوکیٹرز

نرسری تا پنجم

بین ہاؤس سکول سسٹم کا پراجیکٹ

عثمان کیمپس

سیٹلائٹ ٹاؤن بالمقابل مدینہ مسجد
نزد مسجد العزیز حمزہ ٹاؤن احمد پور شرقیہ

Punjab College (Ahmedpur East)

پنجاب کالج

(احمد پور شرقیہ)

F.Sc | I.CS. | FA{iT]

BS | BS | BS (Computer Scienic)

بوائز اور گرلز کیلئے علیحدہ علیحدہ کیمپس

قنچی موڑ ڈیرہ نواب روڈ احمد پور شرقیہ

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

Al Saleem Public School

السلیم پبلک سکول (رجسٹرڈ)

(نرسری تا میٹرک)

(بوائز اینڈ گرلز)

پرنسپل و ڈائریکٹر

ارشد سلیم

نزد ہائی وے مسافر خانہ

کے ایل پی روڈ مسافر خانہ تحصیل بہاولپور صدر ضلع بہاولپور

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن و بہاولپور بورڈ سے الحاق شدہ

پبلک ہائیر سیکنڈری

احمد پور سکول

بوائز اینڈ گرلز
نرسری تا میٹرک

6 کنال رقبہ پر مشتمل سکول کیمپس

پرنسپل: محمد سلیمان فاروقی

ایم اے، بی ایڈ، ایل ایل بی

0300-8688787

خبر 01

4روپے 4پیسے کمی کا اعلان کردیا، اور کہا کہ میرا بس چلے تو ٹیرف مزید 10روپے کم کردوں، لیکن میرے ہاتھ بندھے ہیں، انہوں نے ایکسپورٹرز کیلئے ٹیکس ساڑھے 7سے کم کر کے ساڑھے 4 فیصد کرنے کا بھی اعلان کیا۔وفاقی دارالحکومت میں ملک کے نامور ایکسپورٹرز اور کاروباری شخصیات کے اعزاز میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم شہباز شریف کا کہنا تھا کہ آج کی تقریب میں شرکت باعث فخر ہے، عظیم پاکستانیوں نے شبانہ روز محنت سے ایکسپورٹس میں میدان مارا ہے۔انہوں نے کہا کہ آپ لوگوں کی جتنی تحسین کی جائے کم ہے، آپ لوگوں نے مشکل حالات میں ایکسپورٹس میں اضافہ کیا، آپ نے خطرات مول لیکر پاکستان کیلئے اربوں ڈالرز کمائے، پوری قوم آپ تمام ایکسپورٹرز کی احسان مند ہے۔ان کا کہنا تھا کہ عظیم کاروباری شخصیات نے شبانہ روز محنت سے ملک کا نام روشن کیا، باتیں چل رہی تھیں کہ پاکستان خدانخواستہ ڈیفالٹ کے دہانے پر ہے، کچھ لوگوں نے ٹویٹس میں لکھ دیا تھا کہ ملک ٹیکنیکلی ڈیفالٹ کر چکا، میری 2023 میں پیرس میں ایم ڈی آئی ایم ایف سے ملاقات ہوئی، ایم ڈی آئی ایم ایف نے مجھے کہا اس وقت نیا اسٹرکچر آفر کرنا بہت مشکل ہے۔شہباز شریف نے کہا کہ سری لنکا ہمارا دوست ملک ہے، سری لنکا اس وقت ڈیفالٹ سے دوچار ہو چکا تھا، سری لنکا میں ڈیفالٹ کے بعد سڑکوں پر مظاہرے ہو رہے تھے، سری لنکا کے صدر نے کہا آپ میرے ساتھ ایم ڈی آئی ایم ایف کے پاس چلیں۔وزیراعظم کا کہنا تھا کہ میں نے ایم ڈی آئی ایم ایف سے دوبارہ بات کی، ایم ڈی آئی ایم ایف نے کہا آپ پروگرام درمیان میں ادھورے چھوڑ جاتے ہیں، میں نے یقین دلایا کہ ہم آئی ایم ایف معاہدے پر ضرور عملدرآمد کریں گے، جس پر ایم ڈی آئی ایم ایف نے مجھے کہا آپ کیلئے شارٹ ٹرم پروگرام دے رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ پاکستان بالکل ڈیفالٹ کے دہانے پر تھا، ہم نے مشکل فیصلے کر کے ملک کو ڈیفالٹ سے بچایا، پوری قوم نے قربانی دی، غریب آدمی نے مشکلات کا سامنا کیا، پالیسی ریٹ 22فیصد تھا، ملک میں ایک کہرام کی کیفیت تھی، پاکستان کے صنعتکاروں نے بھی مشکلات کا سامنا کیا، تاجروں اور صنعتکاروں نے نقصانات برداشت کئے۔ان کا کہنا تھا کہ آج پاکستانی معیشت میں استحکام آچکا ہے، آج مہنگائی سنگل ڈیجٹ میں ہے، پالیسی ریٹ ساڑھے 10فیصد پر ہے، صنعتکار وزیرخزانہ کے مشوروں پر عمل کریں اور تگڑے ہو کر فیصلے کریں۔شہباز شریف نے کہا کہ دوست ممالک کے قرضوں کی وجہ سے ہمارے فارن ایکسچینج ریزروز ڈبل ہوئے، ہم نے قرض کیلئے دوست ممالک سے درخواستیں کیں، جو قرض لینے جاتا ہے اس کا سر ہمیشہ جھکا ہوتا ہے، چین نے ہمارے اربوں ڈالر رول اوور کئے، چائنہ نے ہمیشہ مشکل ترین وقت میں مدد کی۔وزیراعظم کا کہنا تھا کہ سعودی عرب، یو اے ای اور قطر نے بھی ہمارا مشکل وقت میں ساتھ دیا، ہماری معیشت میں استحکام آچکا لیکن یہ کافی نہیں، آج پاکستان میں مہنگائی اور بیروزگاری بڑھ گئی ہے، آج کئی ممالک میں مصنوعات کی قیمتیں پاکستان سے کم ہیں۔انہوں نے بتایا کہ اس میں کوئی شک نہیں کہ پالیسی ریٹ ساڑھے 10فیصد پر آیا، پالیسی ریٹ میں مزید کمی نہ ہوئی تو تمام صلاحیتوں کو بروئے کار نہیں لایا جاسکتا، کمیٹیز چیئرمین کیلئے پرائیویٹ سیکٹرز سے بہترین لوگوں کا انتخاب کیا، دنیا میں کہیں بھی گورنمنٹ بزنس نہیں کرتی، جہاں گورنمنٹ بزنس کرے وہ تباہی کا موجب بنتی ہے۔ان کا کہنا تھا کہ کاروبار کرنا پرائیویٹ سیکٹر کا کام ہے، ماضی میں بھی عملی فیصلے کئے گئے، بڑے بھائی نوازشریف نے پرائیویٹ سیکٹر کیلئے جو اقدامات کئے وہ تاریخ کا حصہ ہیں، آج ہمیں آگے بڑھنا ہے، گروتھ کی جانب بڑھنا ہے، ایکسپورٹس کر کے ڈالرز کمائیں یہ مشکلات کا حل ہے، کاروباری برادری کی تجاویز کا خیر مقدم کریں گے۔شہباز شریف نے کہا کہ رسک کے بغیر دنیا میں کوئی چیز کامیاب نہیں ہوئی، میڈیم اور سمال لیول کے انٹرپنیور کا ہاتھ پکڑنا پڑے گا، اس وقت کالے بادل بھی منڈلا رہے ہیں کہا جارہا ہے آپ کی ایپورٹس بڑھ رہی ہیں، ایپورٹس بڑھیں گی تو ایکسپورٹس ہوں گی۔وزیراعظم نے بتایا کہ تاجر، صنعتکار اور ایکسپورٹرز ہمارے سر کا تاج ہیں، معاشی ترقی کیلئے آپ کے مشوروں پر عمل کرنا میرا اور میری ٹیم کا فرض ہے، تالی ایک ہاتھ سے نہیں بجتی کاروباری طبقے نے بھی مدد کرنی ہے، آج پاکستان کو سفارتی محاذ پر کامیابیاں مل رہی ہیں، گزشتہ سال ہندوستان کے ساتھ مڈبھیڑ ہوئی، ہندوستان کو ایسی شکست فاش ہوئی کہ اس کی آئندہ نسلیں بھی یاد رکھیں گی۔ان کا کہنا تھا کہ آج دوست ممالک پاکستانی پاسپورٹ کو اہمیت دیتے ہیں، فیلڈ مارشل کے ساتھ مختلف ممالک کی دعوت پر دورے کر رہا ہوں، جو ہمارے ساتھ ہاتھ نہیں ملاتے تھے وہ آج کئی قدم آگے بڑھ کر بغل گیر ہوتے ہیں، جن ایکسپورٹرز نے اپنی اپنی فیلڈ میں ٹاپ کیا ان کو بلیو پاسپورٹ دیں گے، بلیو پاسپورٹ کی مدت 2سال ہوگی۔انہوں نے کہا کہ پی آئی اے کی نجکاری انتہائی شفاف طریقے سے ہوئی، میری خاص ہدایات پر پی آئی اے کی نجکاری ٹیلی ویژن پر لائیو دکھائی گئی، عارف حبیب انتہائی قابل احترام سرمایہ کار ہیں، اللہ عارف حبیب کو کامیاب کرے۔وزیراعظم کا کہنا تھا کہ دنیا میں پی آئی اے کو دوبارہ اسی طرح متعارف کرایا جائے گا، پی آئی اے کے ذریعے کروڑوں پاکستانیوں کا دنیا میں سفر لائق تحسین ہے، عارف حبیب گروپ کو پی آئی اے کے حوالے سے حکومت کی پوری سپورٹ حاصل ہوگی، عارف حبیب گروپ کو کہوں گا مسافروں کو ورلڈ کلاس سروس ملنی چاہیے، پی آئی اے نے بہترین کارکردگی دکھائی تو صدر سے ایوارڈ کا کہوں گا۔شہباز شریف نے کہا کہ گورنمنٹ کے پی ڈیلیو ڈی سمیت کئی ادارے بند ہو چکے، یوٹیلیٹی سٹورز بھی بند کئے، یوٹیلیٹی سٹورز میں بھی بہت کرپشن ہوتی تھی، سٹورز کے سامنے لائنوں میں لگے لوگوں کی عزت مجروح ہوتی تھی، پاسکو میں بھی کرپشن تھی ،اس کو بھی بند کردیا گیا، ہم اداروں میں اصلاحات لا رہے ہیں، اربوں روپے کی کرپشن کو ختم کیا گیا۔ان کا کہنا تھا کہ سال 2023میں ایم ڈی آئی ایم ایف پاکستان کو پروگرام نہیں دے رہی تھیں، اب ڈیوس میں ایم ڈی آئی ایم ایف نے کہا پاکستان جو کہتا ہے وہ کرتا ہے، ایم ڈی آئی ایم ایف نے پی آئی اے نجکاری کی بھی تعریف کی، ناروے جیسے ملک میں بھی کرپشن ختم نہیں ہوئی، ہم کرپشن پر بھی جلد قابو پالیں گے۔انہوں نے کہا کہ ڈائریکٹ ٹیکسز کل نہیں آج کم ہونے چاہئیں، کنزیومر سے ٹیکس لیکر جیب میں ڈال لیں اس سے بڑا کوئی جرم نہیں ہوسکتا، جو ٹیکس جمع کرا رہے ہیں ان کو سلیوٹ کرتا ہوں، پٹرولیم سگنگ تقریباً بند ہو چکی ہے، پٹرولیم سگنگ بند ہونے سے سالانہ 12 ارب روپ ریونیو آ رہا ہے، پٹرولیم سگنگ بند کرنے میں فیلڈ مارشل کا اہم کردار ہے۔وزیراعظم نے بتایا کہ ڈیجیٹل فیلڈ میں بہترین کاوشیں جاری ہیں، شزا فاطمہ ڈیجیٹائزیشن کے عمل میں بہت محنت کر رہی ہیں، اویس لغاری نے پاور سیکٹر میں بہت محنت کی، چھپلے ڈیڑھ سال میں صارفین کو جو ریلیف ملا اس میں اویس لغاری کی بہت کاوشیں ہیں، وزیرخزانہ بھی بہت محنت سے کام کر رہے ہیں۔شہباز شریف کا کہنا تھا کہ پی آئی اے کی نجکاری کا خواجہ آصف کو کریڈٹ جاتا ہے، وزیر دفاع نے نجکاری کے عمل میں بہت سپورٹ کیا کوئی رکاوٹ نہیں آنے دی، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کی سپورٹ نہ ہوتی تو کئی مسائل حل نہ کرسکتا، ایسا اتحاد رہا تو ہندوستان کو دورے پڑیں گے کہ پاکستان اتنا مضبوط ملک بن چکا ہے۔انہوں نے کہا کہ حنیف عباسی نے پاکستان ریلویز کا نقشہ بدل دیا ہے، ڈپٹی پرائم منسٹر میری بہت معاونت کرتے ہیں، عطا تارڑ کسی تعارف کے محتاج نہیں ان کو وروز ٹیلی ویژن پر دیکھتے ہیں، یہ 11 کی ٹیم ہے جو دن رات محنت کر رہی ہے۔تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے انڈسٹری کیلئے ٹیرف میں 4روپے 4پیسے کمی کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ میرا بس چلے تو اس کو 10روپے مزید کم کر دوں، لیکن ہاتھ بندھے ہوئے ہیں، عبدالعلیم خان پرائیویٹ سیکٹر کا بہت تجربہ رکھتے ہیں، عبدالعلیم خان نے گزشتہ سال اپنے ریونیو بڑھائے، انڈسٹری کیلئے ویلنگ چارجز 9روپے سے کم ہوں گے۔ان کا کہنا تھا کہ یہاں مختلف بزنس کے ہیڈز بھی بیٹھے ہیں، ایکسپورٹرز کیلئے ٹیکس ساڑھے 7فیصد سے کم کر کے ساڑھے 4 فیصد کر رہا ہوں، ایکسپورٹرز کو ٹیکس میں کمی کا بے پناہ فائدہ ہوگا۔انہوں نے کہا کہ ٹیکس میں کمی کا مقصد لڑا اور الحمدللہ کامیاب بھی ہوئے۔میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے علی خورشیدی کا مزید کہنا تھا کہ سانحہ گل پلازہ پر وفاقی حکومت کی خاموشی بھی تشویشناک ہے۔سب کو اس حادثے پر جھنجھوڑنے کی کوشش کی مگر افسوسناک بات یہ ہے کہ اس شہر کو وفاق کی جانب سے بھی نظر انداز کیا جا رہا ہے۔آگ بجھانے والے تمام ادارے میئر کراچی کے ماتحت نہیں ہیں۔سوال یہ ہے کہ ایسا کیوں ہے۔علی خورشیدی نے کہا کہ حکومتی تحقیقاتی رپورٹ میں کسی ذمہ دار کا نام شامل نہیں کیا گیا۔وہ خود بھی موقع پر موجود تھے، فائر بریگیڈ کے پاس پانی نہیں تھا، جس کا ذکر حکومتی رپورٹ میں بھی موجود ہے۔انہوں نے کہا کہ خیر جیسے تیسے تحقیقاتی رپورٹ تیار ہوگئی ہے اور جوڈیشل کمیشن بنانے کا مطالبہ بھی مان لیا گیا ہے، اس لیے اب ایم کیو ایم ایوان میں احتجاج نہیں کرے گی۔

خبر 18

کل جب کہ کراچی میں ٹریفک حادثات کے نتیجے میں جاں بحق ہونے والے افراد کے لیے بھی دعا کی گئی۔پیپلز پارٹی کی رکن ہیر سوہونے لاہور کے واقعے پر دعا کی درخواست کرتے ہوئے کہا کہ کیا اب لاہور کو بھی وفاق کے حوالے کرنے کا مطالبہ ہوگا۔اجلاس کے دوران اسپیکر سندھ اسمبلی سید اویس قادر شاہ نے کہا کہ 14سال کے بعد سندھ اسمبلی کا من ویلتھ کانفرنس کی میزبانی کر رہی ہے۔پوری سندھ اسمبلی اس عالمی کانفرنس کی میزبان ہے۔انہوں نے کہا کہ ہمیں سب کو ثابت کرنا ہے کہ ہم جمہوریت پسند لوگ ہیں۔ارکان اسمبلی اس کانفرنس میں بھرپور شرکت کریں۔اسپیکر نے بتایا کہ یہ کانفرنس 4 فروری کو سندھ اسمبلی میں ہوگی۔اس موقع پر صوبائی وزیر شرجیل انعام میمن نے تحریک پیش کی کہ سندھ اسمبلی میں عالمی کانفرنس ہوگی اور اسمبلی ہال کو کانفرنس ہال میں تبدیل کیا جائے، جسے سندھ اسمبلی نے متفقہ طور پر منظور کر لیا۔سندھ اسمبلی کے اجلاس میں وقفہ سوالات کے دوران محکمہ ٹرانسپورٹ سے متعلق سوالات کے جواب سینئر صوبائی وزیر شرجیل انعام میمن نے دیے۔ایم کیو ایم کے رکن نے ماڈل کالونی کے روٹ پر ریڈ بس کی بحالی سے متعلق سوال کیا جس پر شرجیل میمن نے کہا کہ مزید بسیں کراچی پورٹ پر موجود ہیں۔کراچی کی ہر سڑک پر جدید بسیں چلیں گی۔وقفہ سوالات کے دوران شرجیل میمن نے بتایا کہ ٹریفک کے لیے اسمارٹ سسٹم پر کام ہو رہا ہے، سپاہی کے پاس وائرلیس سسٹم ہوتا ہے۔ٹریفک نظام آٹو میٹک اور مینوئل دونوں طریقوں سے چلتا ہے۔انہوں نے بتایا کہ ٹریفک ڈپارٹمنٹ کی سفارشات کی بنیاد پر سگنلز لگائے جاتے ہیں۔ٹریفک کے یونٹرن بھی اسی حساب سے بنائے جاتے ہیں، جس کے بعد انہیں ٹریفک ڈپارٹمنٹ کے حوالے کر دیا جاتا ہے۔شرجیل میمن نے کہا کہ سندھ حکومت نے کراچی کے لیے اقدامات کیے تھے کیونکہ شہر میں موجود بس اڈوں کی وجہ سے ٹریفک کا رش بڑھتا تھا، جس پر محکمہ ٹرانسپورٹ نے فیصلہ کیا کہ بسوں کو شہر سے باہر رکھا جائے۔انہوں نے بتایا کہ بس ٹرمینلز سے مفت شٹل سروس چل رہی ہے، سہراب گوٹھ بس اڈے سے بھی شٹل سروس جاری ہے جب کہ کراچی کے بس ٹرمینل والے خود چارج کرتے ہیں اور حکومت کا اس میں ایک پیسہ بھی خرچ نہیں ہو رہا۔سینئر صوبائی وزیر نے مزید بتایا کہ 15ہزار خواتین نے پنک اسکوٹی کے لیے درخواستیں دی ہیں۔نجی کمپنی کی جانب سے مفت ٹریننگ دی جارہی ہے اور جن خواتین نے ٹریفک ٹیسٹ پاس کیا ہوگا انہیں اسکوٹی فراہم کی جائے گی۔انفرا اسٹرکچر کے حوالے سے انہوں نے کہا کہ کراچی کی سڑکیں بن رہی ہیں، کے ایم سی اور محکمہ بلدیات سڑکوں کی تعمیر کر رہے ہیں، کراچی میں میگا پروجیکٹس چل رہے ہیں اور حال ہی میں وزیراعلیٰ سندھ نے 90 ارب روپے مختص کیے ہیں۔دریں اثنا سندھ اسمبلی کے اجلاس کے دوران صوبائی موٹر وہیکل ترمیمی بل ایوان میں پیش کیا گیا۔وزیر قانون ضیاالحسن لنجار نے بل سندھ اسمبلی میں پیش کیا جس کے بعد بل کو مزید غور وخوض کے لیے اسٹینڈنگ کمیٹی کے سپرد کر دیا گیا۔اجلاس کے دوران سندھ لینڈ ریونیو ترمیمی بل بھی پیش کیا گیا۔یہ بل بھی وزیر قانون ضیاالحسن لنجار نے ایوان میں پیش کیا جسے متعلقہ قائمہ کمیٹی کے حوالے کر دیا گیا۔سندھ اسمبلی میں ہائر ٹیکنیکل ایجوکیشن سے متعلق بل کی رپورٹ بھی پیش کی گئی۔وزیر قانون ضیاالحسن لنجار نے قائمہ کمیٹی کی رپورٹ ایوان میں پیش کی جس کے بعد سندھ اسمبلی نے ہائر ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ریسرچ اسکول اور انسٹی ٹیوٹ آف ٹیچرز ایجوکیشن سے متعلق بل متفقہ طور پر منظور کر لیا۔اسی اجلاس میں سندھ اسمبلی نے اپیشل ایجوکیشن ہائر ٹیکنیکل ایجوکیشن کا بل بھی متفقہ طور پر منظور کر لیا۔وزیر قانون ضیاالحسن لنجار نے یہ بل ایوان میں پیش کیا جب کہ قائمہ کمیٹی اس بل کو پہلے ہی منظور کر چکی تھی۔قائمہ کمیٹی کی رپورٹ ڈاکٹر سکندر شورو نے ایوان میں پیش کی۔بعد ازاں سندھ اسمبلی کا اجلاس پیر 9فروری دوپہر 2 بجے تک ملتوی کر دیا گیا۔

خبر 19

کے والد کو لے گئی، پولیس کو لگا ہوگا کہ شاید شوہر اس معاملے میں ملوث ہے۔ان کا کہنا تھا کہ جس شخص کی بیوی اور بچی گر گئی، اطلاعات ہیں کہ پولیس نے اس کے ساتھ غلط رویہ رکھا، اس پر بھی تحقیقات ہوں گی، جو بھی ملوث پایا گیا اس کیخلاف کارروائی ہوگی۔عظمی بخاری نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب بہت تکلیف میں ہیں، میں بتا نہیں سکتی وہ کتنے دکھ میں ہیں، وزیراعلیٰ پنجاب ایک ایک لمحے کے واقعے کی رپورٹ لے رہی تھیں، انکوائری کیلئے 48 گھنٹے کی مہلت دی گئی ہے۔صوبائی وزیر کا کہنا تھا کہ پنجاب حکومت جلد بلدیاتی انتخابات چاہتی ہے، بلدیاتی انتخابات کیلئے قانون بننے میں وقت لگا، پنجاب میں حلقہ بندیوں میں بھی وقت لگ رہا ہے، حکومت بلدیاتی انتخابات کیلئے تیار ہے۔

خبر 20

ہے۔درخواستوں کی سماعت چیف جسٹس پاکستان یحییٰ آفریدی کی سربراہی میں سپریم کورٹ کے 2 رکنی بینچ نے کی۔سماعت کے دوران وکیل درخواست گزار نے مؤقف اختیار کیا کہ حق مہر میں 40تولہ بہت زیادہ ہے اور شوہر 20تولہ ادا کرنے کو تیار ہے۔اس پر چیف جسٹس پاکستان نے ریمارکس دیے کہ تھوڑا اور دے دیں تو معاملہ ٹھیک ہو جائے گا، تاہم عدالت ایسے معاملات میں مداخلت نہیں کرسکتی۔بعد ازاں سپریم کورٹ نے جہیز اور حق مہر سے متعلق دائر مختلف درخواستیں خارج کردیں۔

خبر 21

کے پاس ہیں۔انہوں نے بتایا کہ عارف حبیب کنسورشیم کے پاس کاروبار چلانے کا وسیع تجربہ ہے، فوجی فاؤنڈیشن ان کا حصہ نہیں ہے جبکہ قومی ایئرلائن کے 25فیصد شیئرز حکومت کے پاس ہیں، جن کی ویلیو 45 ارب روپے ہے۔سیکریٹری نجکاری نے مزید کہا کہ عارف حبیب کنسورشیم نیا مریکی ایوی ایشن کنسلٹنسی فرم کو ہائیر کیا، قومی ایئرلائن کا فنانشل کلوز 3 ماہ میں ہوگا، خلیجی ممالک کے ساتھ معاہدوں کو تبدیل کیا جائے گا۔ان کا کہنا تھا کہ عارف حبیب کنسورشیم 125ارب روپے پی آئی اے میں انویسٹ کرے گا اور 3 ماہ میں 10 ارب روپے حکومت کو جمع کرائے گا۔سیکریٹری نجکاری نے کہا کہ قومی ایئرلائن کی کل ویلیو 9ارب روپے ہے، فنانشل کلوز ہونے پر قومی ایئرلائن کی ویلیو 180ارب روپے ہوجائے گی، ایئرلائن کا بزنس پلان 1ماہ میں پیش کیا جائے گا، اس کے جہاز 4 سال میں 40 ہوجائیں گے۔انہوں نے کہا کہ قومی ایئرلائن کو بند کرنے کی قیمت 200 سے 300ارب روپے ہوتی، اگر ایئرلائن کو بند کیا جاتا تو تمام واجبات حکومت کو ادا کرنا پڑتے اور اس کے پنشنرز کو 34ارب روپیکی ادائیگی بھی حکومت کو ادا کرنا پڑتی۔دوران اجلاس افغان اللہ خان نے کہا کہ اسلام آباد ایئرپورٹ کی نجکاری کردیں یا سہولیات بہتر کریں، کراچی ایئرپورٹ پر چوہے گھومتے ہیں، حکومت ان ایئرپورٹس کی نجکاری کرے گی۔سینیٹر پلوشہ خان نے کہا کہ کیا اب حکومت خود کوئی کام نہیں کرسکتی؟ وہ سارے باہر والے کریں گے، پارلیمنٹ میں بھی ہاتھی نہیں چوہے گھومتے رہتے ہیں۔چیئرمین کے سوال پر سیکریٹری نجکاری نے جواب دیا کہ قومی ایئرلائن کی نجکاری کے بعد ایئرپورٹس کی نجکاری میں دلچسپی بڑھ گئی ہے، اسلام آباد انٹرنیشنل ایئرپورٹ میں داخلے میں 1 گھنٹہ لگ جاتا ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ سعودی عرب، ترکیہ، یو اے ای کی کمپنیاں ایئرپورٹس چلانے میں دلچسپی رکھتی ہیں، ایشیائی ترقیاتی بینک بھی ایئرپورٹس کی آؤٹ سورسنگ میں مدد میں دلچسپی رکھتا ہے، بڑے ایئرپورٹس کی آؤٹ سورسنگ سے چھوٹے ایئرپورٹس کو زیادہ بہتر کیا جاسکے گا۔اس پر سینیٹر بلال احمد نے کہا کہ حکومت ایک بار میں ہی تمام ایئرپورٹس کی آؤٹ سورسنگ کردے، اس پر سول ایوی ایشن اتھارٹی بہتر رائے دے سکتی ہے۔دوران اجلاس سینیٹر عمر فاروق نے کہا کہ ہمیں قومی ایئرلائن کی نجکاری کے طریقہ کار پر اعتراض ہے۔چیئرمین کمیٹی نے جواب دیا کہ قومی ایئرلائن کا سالانہ 100ارب کا نقصان تھا، اب نجکاری پر اعتراض کر رہے ہیں، حکومت کا 17ہزار ارب روپے مجموعی بجٹ ہے، 900ارب روپے بچ جائیں تو بڑی بات ہوگی۔سیکریٹری نجکاری نے شرکاء کو بتایا کہ قومی ایئرلائن کے کسی بڈرز کو کوئی رعایت نہیں دی گئی، عارف حبیب گروپ کے خلاف سپریم کورٹ میں درخواست زیرالتوا ہے، یہ درخواست کسی کو نا اہل قرار دینے کی بنیاد نہیں ہے۔سیکریٹری نجکاری نے مزید کہا کہ قومی ایئرلائن کیپڈ رزز کی فنانشل مینجمنٹ یونٹ سے اسکروٹنی کرائی گئی، ورلڈ بینک، ایف بی آر اور دیگر اداروں سے رپورٹ مانگی گئی۔

خبر 22

حکومت اور فوج کی پارٹنرشپ اسی طرح چلتی رہی تو پاکستان دنیا کے نقشے پر مضبوط ملک بن کر ابھرے گا۔ان کا یہ بھی کہنا ہے کہ بھارت کو بھی عشی کے دورے پڑیں گے کہ پاکستان اتنا طاقتور ملک کیسے بن گیا۔

خبر 23

2026 میں شرکت کا اعلان کیا ہے، پیپسی باصلاحیت اور ابھرتے ہوئے نوجوانوں سے براہ راست رابطہ قائم کرے گی۔ایزی پیسہ ڈیجیٹل بینک کی چیف ہیومن ریسورس آفیسر فرح شیخ نے اس موقع پر کہا کہ ایزی پیسہ کو پاکستان کے نوجوانوں خاص طور پر ٹیکنالوجی اور ڈیجیٹل بینکاری میں دلچسپی رکھنے والے طلبہ سے ملاقات پر خوشی ہے۔انہوں نے کہا کہ نسٹ کیئر کنکٹ جیسے پلیٹ فارمز نوجوانوں کو صنعت کے تقاضوں، جدید مہارتوں اور کیریئر کے مواقع سے روشناس کرانے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔فرح شیخ نے کہا کہ ایزی پیسہ مستقبل کے ان معماروں سے ملنے کے لیے پرجوش ہے جو فن ٹیک اور ڈیجیٹل بینکاری کے شعبے میں جدت، تخلیقی سوچ اور مسئلہ حل کرنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔انہوں نے نوجوانوں پر زور دیا کہ وہ تیزی سے بدلتی ڈیجیٹل معیشت میں اپنی مہارتوں کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کریں۔نسٹ کیئر کنکٹ 2026 ملک کے ممتاز تعلیمی اداروں اور معروف صنعتوں کو ایک پلیٹ فارم پر اکٹھا کر رہا ہے جہاں طلبہ کو روزگار، انٹرن شپ اور پیشہ ورانہ ترقی کے مواقع فراہم کیے جارہے ہیں۔ایزی پیسہ کی شرکت کو فن ٹیک اور ڈیجیٹل بینکاری کے شعبے میں کیریئر بنانے کے خواہشمند نوجوانوں کے لیے ایک اہم موقع قرار دیا جارہا ہے۔

خبر 24

ہدایت کی کہ نئے کنٹونمنٹ سٹرکی مجوزہ جگہ پر ہر قسم کے غیر قانونی قبضے کو ختم کیا جائے اور قابضین کے خلاف بلاامتیاز قانونی کارروائی کی جائے۔وزیر داخلہ محسن نقوی نے تمام غیر قانونی تعمیرات مسمار کرنے کا حکم دیا۔وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ قابضین کو کسی قسم کی رعایت یا معاوضہ نہیں دیا جائے گا۔انہوں نے کہا کہ اسلام آباد میں بین الاقوامی معیار کی سہولیات کی فراہمی ہمارا عزم ہے اور اس منصوبے کی تکمیل سے پاکستان میں ایس سی او سمٹ سمیت دیگر بین الاقوامی کانفرنسز کے انعقاد میں آسانی ہو گی۔چیئرمین سی ڈی اے محمد علی رندھاوا۔ڈپٹی کمشنر اسلام آباد عرفان میمن اور اعلیٰ حکام بھی اس موقع پر موجود تھے۔

خبر 25

ملاقات کی۔بحث دوران پاک برطانیہ پارلیمانی، معاشی اور اقتصادی تعلقات، وہاں مقیم پاکستانیوں کے کردار، ملک کے پسماندہ علاقوں کی ترقی اور مسئلہ کشمیر سمیت مختلف امور بارے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔سینیٹ سیکرٹریٹ سے جاری بیان کے مطابق وفد میں عمران حسین کے والد، سابق رکن برطانوی پارلیمنٹ اور سماجی تنظیم آرفن ان نیڈز کے کنٹری ڈائریکٹر محمد فیصل اسحاق سمیت ہیڈ آف فنڈ ریزنگ بھی شامل تھے۔ملاقات کے دوران پاکستان اور برطانیہ کیدرمیان پارلیمانی، معاشی اور اقتصادی تعلقات، برطانیہ میں مقیم پاکستانیوں کے کردار، پاکستان کے پسماندہ علاقوں کی ترقی اور مسئلہ کشمیر سمیت مختلف امور بارے تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔؟رفن ان نیڈز کے نمائندوں نے ڈپٹی چیئرمین سینیٹ کو بتایا کہ یہ تنظیم دنیا کے چودہ ممالک میں ایک لاکھ بیس ہزار سے زائد یتیم بچوں کی کفالت کر رہی ہے، تنظیم یتیموں کی فلاح و بہبود، تعلیم اور سماجی ترقی کے لیے مختلف منصوبوں پر کام کر رہی ہے اور پاکستان کے پسماندہ علاقوں پر بھی خصوصی توجہ دی جارہی ہے۔

خبر 26

کے دوران تیراہ متاثرین کے لیے فنڈز جاری کرنے کا حکم دے دیا۔پشاور ہائی کورٹ کے جسٹس وقار احمد اور جسٹس محمد ہمایوں دلی پر مشتمل بینچ نے سماعت کی۔درخواست گزار کے وکیل نے عدالت میں سوال اٹھایا کہ حکومت نے آپریشن کی اجازت اسمبلی سے لی ہے یا نہیں؟اس پر ایڈیشنل اٹارنی جنرل نے جواب میں بتایا کہ وفاقی حکومت نے آپریشن کی اجازت نہیں دی، صوبائی حکومت نے بھی کسی قسم کے آپریشن کی اجازت نہیں دی۔پشاور ہائی کورٹ نے متاثرین کو امداد کی فراہمی سے متعلق رپورٹ 7دن میں طلب کرتے ہوئے حکم دیا کہ تیراہ متاثرین کے لیے فنڈز جاری کریں تاکہ وہاں لوگوں کے لیے آسانی پیدا ہو۔پشاور ہائی کورٹ نے وادی، تیراہ کے مشیران اور سیکریٹری محکمہ ریلیف کو بھی آئندہ سماعت پر طلب کرلیا۔

پبلشر
احسان احمد سحر
پرنٹر
نسیم اختر
مطبع
گریزی پرنٹنگ پریس بہاولپور
مقام اشاعت
535-536 سرور شاہ سٹریٹ احمد پور شرقیہ

آر کے مطابق ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور، خطے اور عالمی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا، ملاقات میں سکیورٹی اور دو طرفہ دفاعی و عسکری تعاون کو بنانے کے امکانات پر بھی بات چیت گئی۔پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق ملاقات میں پاکستان اور ترکیہ کے تعلقات کی موجودہ مثبت سمت پر اطمینان کا اظہار کیا گیا، قریبی رابطہ برقرار رکھنے کے ساتھ ساتھ دفاعی تعاون کو مزید فروغ دینے کی ضرورت پر زور دیا گیا۔فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے کہا کہ پاکستان اور ترکیہ کے درمیان دیرینہ برادرانہ تعلقات ہیں، تعلقات مشترکہ تاریخ، باہمی اعتماد اور مضبوط عوامی روابط پر مبنی ہیں۔سید عاصم منیر نے ترک مسلح افواج کی جانب سے فراہم کی جانے والی حمایت اور تعاون کو سراہا، فیلڈ مارشل نے دو طرفہ عسکری تعلقات کو مزید مضبوط بنانے کیلئے پاکستان کے عزم کا اعادہ کیا۔

خبر 05

مسرت جبیں اور ریجنل پولیس آفیسر غازی صلاح الدین نے ڈپٹی کمشنر رحیم یار خاں ظہیر انور چرچہ سے کمشنر آفس بہاول پور سے ویڈیو لنک پر میٹنگ کی۔میٹنگ کے دوران کچے کے ڈاکوؤں کے خلاف مؤثر اقدامات اور امن و امان کی صورتحال، پولیس کی کارروائیوں اور مستقبل کی حکمت عملی کا جائزہ لیا گیا۔کمشنر بہاولپور ڈویژن مسرت جبیں نے کچے کے علاقوں میں جرائم کے خاتمے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لانے کی ہدایت کی اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے باہمی تعاون پر زور دیا۔انہوں نے کہا کہ عوام کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لیے کچے کے ڈاکوؤں کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔ڈپٹی کمشنر رحیم یار خاں ظہیر انور چرچہ نے ویڈیو لنک اجلاس میں کمشنر بہاول پور کو بتایا کہ ضلع رحیم یار خاں کی تمام فورس کچے کے ڈاکوؤں کے خلاف کارروائی اور امن و امان کی صورت حال کو یقینی بنانے کے لیے متحرک ہے۔

خبر 06

دیرینہ مطالبہ مان لیا۔عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق اسرائیل نے غزہ اور مصر کے درمیان واحد زمینی راستہ رفح گزرگاہ کو یکم فروری سے دوبارہ کھولنے کا اعلان کردیا جو 2برس سے بند تھی۔یہ اقدام امریکی ثالثی میں طے پائی گئی غزہ جنگ بندی معاہدے کے تحت کیا گیا ہے اور جس کے لیے اسرائیلی وزیراعظم نیتن یاہو حیل وحجت سے کام لے رہے تھے۔رفح گزرگاہ صرف محدود پیمانے پر لوگوں کی آمدورفت کے لیے کھولی جائے گی مثلاً وہ فلسطینی جو پہلے غزہ سے نکل چکے تھے یا علاج کے لیے خصوصی اجازت کے حامل ہیں۔تاہم رفح راہداری دوطرفہ کھول دینے کے باوجود یہاں سے امدادی سامان یا تجارت کی آمدورفت کی اجازت نہیں ہوگی کیوں کہ اسرائیل سمجھتا ہے اس طرح اسلحہ کی ترسیل ہوسکتی ہے۔اس راہداری سے گزرنے والوں کے لیے اسرائیل اور مصر کی مشترکہ سکیورٹی جانچ لازمی ہوگی جب کہ یہ عمل یورپی یونین کی مانیٹرنگ میں کیا جائے گا۔البتہ غزہ انتظامیہ کا دعوی ہے کہ کچھ سکیورٹی وجوہات کی وجہ سے رفح راہداری کے کھولنے کی افتتاحی تقریب میں مزید تاخیر بھی ہوسکتی ہے۔خیال رہے کہ رفح راہداری غزہ کے لگ بھگ 2ملین افراد کے لیے بہت اہم ہے کیونکہ خوراک، دوائیں اور طبی امداد شدید قلت کا شکار ہیں۔ذرائع کے مطابق جنگ بندی کے باوجود غزہ میں تازہ اسرائیلی فائرنگ سے فلسطینوں کے ہلاک ہونے کی اطلاعات بھی سامنے آئیں جس سے امن کوششیں غیر یقینی محسوس ہورہی ہیں۔

**خ